© rasailojaraid.com



## دروس بسلسلہ فضائل ومسائل رمضان المبارک

جامعہ علوم اُثریہ کے زیرانتظام مساجد اہل حدیث میں دروس بسلسلہ فضائل ومسائل رمضان المبارک 19 مقامات پر درس قرآن وحدیث منعقد ہوئے۔جس کی سرپرستی رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر حفظہ اللہ نے کی۔پروگرامز کے انتظامات کی تمام تر ذمہ داری مولانا سعد محمد مدنی مدیرالجامعہ نے سرانجام دی۔یہ دروس 29 جولائی سے 10 اگست تک جاری رہے۔یہ دروس جامعہ کے اساتذہ نے ارشاد فرمائے۔

## جامعہ میں نئے تعلیمی سال کا آغاز

الحمدللہ تقریباً دوماہ کی سالانہ تعطیلات کے بعد 15 شوال سے جامعہ کے نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوگیا ہے نئے طلبہ کے داخلہ کے ساتھ ساتھ کلاسوں میں باقاعدہ تعلیم شروع ہوچکی ہے۔

## مدیرالجامعہ مولانا سعد محمد مدنی کا فیروزوٹواں میں خطبہ جمعۃ المبارک

مورخہ 8 اکتوبر کا خطبہ جمعۃ المبارک مدیرالجامعہ مولانا سعد محمد مدنی نے جامع مسجد توحید اہل حدیث فیروزوٹواں میں ''دورحاضر کے مطابق اسلام کی باقی مذاہب میں انفرادیت'' کے موضوع پر ارشاد فرمایا۔

### وفیات

## حافظ عتیق الرحمٰن اور ساجد محمود (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 11 ستمبر بروز ہفتہ حافظ عتیق الرحمٰن کا نواسہ،صوبیدار شریف احمد مرحوم کا پوتا اور ساجد محمود (کوٹلہ آئمہ) کا بیٹا احسان محمود ایک حادثہ میں وفات پاگیا۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## زاہد محمود،شاہد محمود اور خالد محمود کو صدمہ

مورخہ 27 ستمبر بروز سوموار زاہد محمود وشاہد محمود (زاہد سینٹری) کی ممانی اور خالد محمود (خالد فریج) کی پھوپھی محترمہ وفات پاگئیں۔انا للہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں،کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

## جامعہ محمدیہ سلفیہ لالہ زار کالونی گجرات میں دوسری سالانہ سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 27 اکتوبر بروز بدھ بعد نماز عشاء/زیرسرپرستی: رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان

مقررین: شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد اعظم، حضرت مولانا سید سبطین شاہ نقوی، حضرت مولانا محمد نواز چیمہ، حضرت مولانا عبدالباسط شیخوپوری، حضرت مولانا قاری عبدالرحیم کلیم، حضرت مولانا سید الطاف الرحمٰن شاہ، حضرت مولانا حافظ انعام اللہ کنجاہی

الداعیان الی الخیر: قاری احسان اللہ وانتظامیہ جامعہ محمدیہ سلفیہ لالہ زار کالونی گجرات

© rasailojaraid.com